نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور 21

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

لاہور: 11 اگست 2024 (   ) وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی ہدایت پر صوبہ بھر میں جعلی و ملاوٹ شدہ زرعی ادویات کیخلاف کریک ڈاون جاری۔ جعلی اور غیر معیاری زرعی ادویات کے خاتمہ کیلئے محکمہ زراعت زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ پیسٹ وارننگ اوکاڑہ کی ٹیم نے ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ ذوالفقار علی غوری کی زیر نگرانی عبداللہ زرعی کارپوریشن پر چھاپہ مارا اور غیر قانونی و غیر رجسٹرڈ کمپنی کی زرعی ادویات پکڑ کر بطور مال مقدمہ حوالہ پولیس کیں۔ قبضہ میں لی گئی جعلی زرعی ادویات کی مالیت 45 لاکھ 72 ہزار روپے بنتی ہے۔ موقع سے زرعی ادویات کے نمونہ جات حاصل کر کے کیمیائی تجزیہ کیلئے لیبارٹری بھجوا دیئے گئے۔ پیسٹی سائیڈز انسپکٹر محمد اکبر کی مدعیت میں تھانہ گوگیرہ میں مقدمہ کے اندراج کیلئے استغاثہ دائر کر دیا گیا ہے۔

*****